

نکاح کھیل نہیں
عروج ملک
Pdf available at
www novelsclubb com
FB INSTA
novelsclubb

# السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

# نکاح کھیل نہیں

از

عروج ملک

www.novelsclubb.com

یہ ایک حساس موضوع ہے اور میں نے اپنے ارد گرد دیکھا ہے یہ گناہ آج کل انتہائی عام ہو چکا ہے، مجبوراً میں نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ کیونکہ میرے خیال سے اگر میں کچھ اور نہیں بھی کر سکتی تو ایک لکھاری ہونے کی حیثیت سے شاید کسی کو اپنے الفاظ سے ہی قائل کر لوں۔

www.novelsclubb.com

نکاح، اسلامی معاشرتی نظام کا ایک اہم رکن ہے جو زوجین کو حلال طریقے سے ازدواجی رشتے میں باہم منسلک کرتا ہے۔رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"النِّكاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ لمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي

ترجمہ: نکاح میری سنّت ہے اور جس نے میری سنّت پہ عمل نہ کیا وہ ہم میں سے نہیں"

www.novelsclubb.com

مگر آجکل ایک نیا ٹرینڈ چل نکلا ہے خفیہ نکاح کا۔

ماں باپ نہیں مان رہے چلو ابھی نکاح کر لیتے ہیں بعد میں گھر پر بتا دیں گے۔

ابھی میرے پاس نوکری نہیں ہے تمہارے گھر والے نہیں مانیں گے، نکاح کر لیتے ہیں پھر انہیں ماننا ہی پڑے گا۔

کیوں؟ نکاح کو مذاق سمجھ رکھا ہے؟

جب دل چاہا کر لیا بعد میں توڑ دیا۔

اور آفرین ہے ان لڑکیوں پر جو نفسانی خواہشات میں اس قدر ڈوب چکی ہوتی ہیں کہ اپنے ماں باپ کی سالوں میں کمائی گئی عزت پل بھر میں مٹی میں ملا دیتی ہیں۔

نکاح کا مطلب ہے "اعلان"۔

یہ جو لڑکے کہتے ہیں نہ کہ ابھی نکاح کر لیتے ہیں صحیح ٹائم پر گھر میں بتا دیں گے۔

www.novelsclubb.com

اور ان کا وہ صحیح ٹائم پھر کبھی نہیں آتا۔

جو لڑکیاں ان کو بغیر نکاح کے میسر نہیں ہو پاتی تو پھر وہ اس خفیہ نکاح کا ڈھونگ رچاتے ہیں۔

یہ کہہ کر بہلاتے ہیں کہ اس طرح سے ہمارا ملنا حلال ہو جائے گا ایک دوسرے کو دیکھ سکیں گے مل سکیں گے اور گناہگار نہیں ہوں گے۔

یہ صرف اور صرف ایک بہانہ ہے اپنی نفسانی خواہشات پوری کرنے کا۔

اور پھر لڑکیاں بھی مطمئن ہو جاتی ہیں کہ بھئی اس نے نکاح کیا ہے تو ساتھ نبھائے گا۔

اتنا نبھانے والا ہوتا تو چھپ کر نکاح کرتا؟

سب کے سامنے عزت سے اپناتا تمہیں۔

تمہارے ماں باپ سے مانگتا نا کہ تمہاری ذات کو سوالیہ نشان بنا کر چھوڑ دیتا۔

کبھی سوچا یہ جو چھپ کر بغیر ولی کے نکاح کرتے ہو یہ حلال ہے بھی یا نہیں؟

www.novelsclubb.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حرام اور حلال (نکاح) کے درمیان فرق صرف دف بجانے اور (اس نکاح کا) اعلان کرنے کا ہے۔

(سنن الترمذی:1088، صحیح النسائی:3369، سنن ابنِ ماجہ1896)

(یعنی چھپ کر نکاح کرنا حرام ہے) اور نکاح کے لئیے (لڑکی کے) ولی (یعنی سرپرست کا) اور دو گواہوں کا ہونا بھی ضروری ہے۔

(صحیح الجامع:7557،اِرواءالغلیل:260/6)

اس حدیث سے یہ بات صاف واضح ہوتی ہے کہ چھپ کر نکاح کرنا حرام ہے۔

www.novelsclubb.com

اور آج کل یہ چیز انتہائی عام ہو چکی ہے۔

اور پتا ہے پھر ایسے نکاح کا انجام کیا ہوتا ہے؟

یا تو وہ لڑکا پھر اپنی نفسانی خواہشات پوری کر کے آپ کو ذلیل ورسوا کر کے طلاق دے دیتا ہے۔

یا پھر کسی کو پتا لگے بغیر ہی آپ کی ذات کے پر خچے اُڑا کر آپ کو طلاق دے دیتا ہے اور پھر ان لڑکیوں کو پوری زندگی اس خفیہ نکاح کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھانا پڑتا ہے۔

جو ماں باپ کی رسوائی ہوئی وہ الگ اپنی پوری زندگی بھی تباہ کی۔

ایسی لڑکیوں کو پھر کوئی اپناتا بھی نہیں ہے اور اگر کوئی شخص ظرف بڑا کر کے اپنا بھی لیتا ہے تو یہ معاشرہ اس لڑکی کے ساتھ ساتھ اس بھلے انسان کو بھی نہیں چھوڑتا پھر اور ایک وقت ایسا آتا ہے کہ وہ لڑکی بلکل اکیلی رہ جاتی ہے۔

زنانہ تو دور پھر ماں باپ کے لئیے بھی قابل بھروسہ نہیں رہتیں کہ جب آپ انہیں ایک بار دھوکا دے سکتی ہیں تو بار بار بھی دے سکتی ہیں۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتی ہیں کہ :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے اس کا نکاح باطل ہے اس کا نکاح باطل ہے"

(ترمذی ۱۱۰۲، ابنِ ماجہ ۱۸۷۹، نسائی ۵۳۹۴، مسند احمد ۲۶۰)

باطل کے اردو معنی ہیں رد، منسوخ، نادرست، ناقابل قبول۔

www.novelsclubb.com

توذرا سوچیں کہ جو نکاح آپ نے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر کیا وہ تو جائز ہی نہیں قابل قبول ہی نہیں درست ہی نہیں تو پھر ؟

اس خفیہ نکاح کے بعد آپ اگر کسی لڑکے سے ازدواجی تعلق قائم کریں گی۔

تو کیا وہ جائز ہو گا؟

قابلِ قبول ہو گا؟

حلال ہو گا؟

نہیں! ہر گز نہیں!

تو میری پیاری پوری زندگی اس گناہ کا بوجھ کیسے اٹھائیں گی؟

ابھی بھی وقت ہے سنبھل جائیں اس گناہ سے بچیں اپنی عزیزوں کو بچائیں اگر کوئی دوست بے راہ روی کا شکار ہے تو اسے روکیں۔

نکاح کھیل نہیں ہوتا پوری زندگی کا معاملہ ہے۔

www.novelsclubb.com

اگر ماں باپ نہیں مانتے تو انہیں منائیں وہ آپ کا برا تو نہیں چاہتے نہ وہ۔

اور اگر کوئی آپ سے سچ میں محبت کرے گا تو وہ کبھی بھی آپ کو خفیہ نکاح کرنے کا نہیں کہے گا۔آپ کی عزت کو ہر چیز سے بڑھ کر رکھے گا نہ کے آپ کو ذلیل و رسوا کرے گا۔

مجھے یاد نہیں کہاں مگر میں نے کہیں پڑھا تھا کہ ؛

!If you want me , earn me

میرے خیال سے ایک لڑکی کو ایسا ہی ہونا چاہیے کہ اگر کوئی اسے چاہتا ہے تو وہ اسے کمائے،اسے earn کرے آپ کو حاصل کرنے کے لئیے محنت کرے یوں مفت میں مل جائیں گی تو کوئی بھی آپ کی قدر نہیں کرے گا۔

جب آپ اس طرح کسی کو بھی میسر ہو جائیں گی تو کیا وہ آپ کی عزت کرے گا؟

ہر گز نہیں!

اور پھر اگر لڑکیاں عزت کے ڈر سے حرام رشتہ قائم کرنے سے منع کر دیتی ہیں تو پھر یہ خفیہ نکاح کی آفر دی جاتی ہے کہ ہمارا رشتہ حلال ہو گا یہ وہ۔

اگر حلال رشتہ بنانا ہوتا تو سب کے سامنے عزت سے بناتا۔

ایسے چھپ کے کیئے جانے والے نکاح ہمارے معاشرے میں بھی کسی گناہ سے کم نہیں سمجھے جاتے۔

کیوں لکہ گناہ ہی چھپ کر کیا جاتا ہے۔

اور ماں باپ کو بھی چاہئیے کہ انسان کی سیرت اور اخلاق دیکھا کیجئیے نہ کہ نوکری اور پیسہ کئی بار لڑکیاں یہ قدم ماں باپ سے دل برداشتہ ہو کر بھی اٹھا لیتی ہیں۔

آپ اپنی بیٹیوں کو اتنا مان دیں کہ وہ صحیح یا غلط فیصلہ کرنے سے پہلے آپ سے رائے تو لیں نہ کہ انہیں یہ خوف ہو کہ اگر وہ آپ سے کچھ شئیر کریں گی تو آپ انہیں ہی غلط سمجھیں گے۔

www.novelsclubb.com

اپنی ذہنیت درست کیجئیے !

اللہ سب کو اس گناہ سے بچائے رکھے اور سب کی عزت کی حفاظت کرے۔

www.novelsclubb.com